**فوری ریلیز کے لیے:** 2022/3/8 ***گورنر KATHY HOCHUL***

**گورنر HOCHUL کی جانب سے ریاست نیویارک کی نگہداشتِ صحت کی افرادی قوت کو مضبوط اور توانا کرنے کے لیے جاری کوششوں کے جزو کے طور پر مستقبل کی تقریباً 1,000 نئی نرسوں کا اعلان**

***"ہمارے مستقبل کے لیے نرسیں" وظائف پروگرام کے کامیاب امیدواران کو ریاستِ نیویارک کی یونیورسٹی (SUNY) یا نیویارک شہر کی یونیورسٹی (CUNY) کے کیمپسوں میں ٹیوشن ملے گی جن کا آغاز سنہ 2022 کے موسم خزاں میں ہو گا***

***ریاستِ نیویارک کی نگہداشتِ صحت کی افرادی قوت کی تعمیرِ نو اور ترقی اور نگہداشتِ صحت کے نظام کو مضبوط بنانے کے لیے ریاست کی کلیدی ترجیح کو آگے بڑھانا***

گورنر Kathy Hochul نے آج ریاست نیویارک کی نگہداشتِ صحت کی افرادی قوت کو مضبوط اور توانا کرنے کی جاری کوششوں کے جزو کے طور پر مستقبل کی تقریباً 1,000 نئی نرسوں کا اعلان کیا۔ درخواست دہندگان کا اعلان "ہمارے مستقبل کے لیے نرسیں" وظائف پروگرام کے فاتحین کے طور پر کیا گیا - ایک ایسی پہل کاری جو نرسنگ اور نگہداشتِ صحت کے ماہرین کو بھرتی کرنے اور دوبارہ تربیت دینے کے لیے بنائی گئی ہے تاکہ ریاست نیویارک کی رجسٹرڈ نرسوں کے طور پر خدمات انجام دیں، جن کی طلب بہت زیادہ ہے۔ کامیاب ہونے والوں کو نرسنگ میں ایسوسی ایٹ ڈگری یا نرسنگ میں بیچلر آف سائنس دو سال یا چار سالہSUNY یا CUNY کالج یا یونیورسٹی میں حاصل کرنے کے لیے ٹیوشن ملے گی۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "نرسیں نگہداشتِ صحت کے نظام کے لیے ہمیشہ سے انمول رہے ہیں، لیکن عالمی وباء کے پورے عرصے کے دوران، انہوں نے بارہا ثابت کیا کہ وہ نیویارک کے مکینوں کے تحفظ اور ان کی جان بچانے کے لیے کسی بھی حد تک جانے کو تیار تھیں۔ نیویارک کو اپنی نرسوں پر فخر ہے، اور یہ وظیفہ ان افراد کے ساتھ افرادی قوت کو مضبوط بنانے میں بہت آگے تک جائے گا جو اپنی تعلیم و تربیت کا آغاز کرنے کے لیے تیار ہیں"۔

اپنے سالانہ خطاب کے دوران، گورنر Hochul نے ریاست کی نگہداشتِ صحت کی افرادی قوت میں اگلے پانچ برسوں میں 20 فیصد تک اضافہ کرنے کا ایک پُرعزم ہدف مقرر کیا۔ اس وقت ریاست نیویارک میں رجسٹرڈ نرسوں کے لیے 9,300 سے زائد آسامیاں موجود ہیں۔

**ریاست نیویارک کے محکمۂ صحت کی کمشنر Mary T. Bassett نے کہا،** "نرسیں نگہداشتِ صحت کا سنگ بنیاد ہیں اور COVID-19 عالمی وباء کے دوران اولین امدادی کارکنان کا ہراول دستہ بن گئیں۔ یہ وظائف کا پروگرام اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ریاست نیویارک بہترین اور روشن ترین SUNY اور CUNY کی پیشکش سے لیس ہے۔

میں ایک ایسے وقت میں اس اہم پروگرام میں سرمایہ کاری کرنے پر گورنر کو سراہتی ہوں جب نرسوں کی طلب اتنی زیادہ ہے"۔

**ریاست نیویارک کے محکمۂ محنت کی کمشنر Roberta Reardon نے کہا،** "نرسیں ہمارے نگہداشتِ صحت کے قیمتی نظام کی ریڑھ کی ہڈی ہیں۔ یہ وظائف اس اہم افرادی قوت کی پائپ لائن کو پورا کرنے میں مدد کریں گے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ ریاست بھر میں ہمارے طبی نظام عالمی وباء کے عرصے سے بہت آگے جا کر، عملے کے لحاظ سے بالکل مکمل اور نیویارک کے تمام مکینوں کی ضروریات کا خیال رکھنے کے لیے تیار ہیں۔ نگہداشتِ صحت کے ان ہیروز کو ان کی پیشہ ورانہ زندگی کے اہداف حاصل کرنے میں مدد دے کر، ہم آئندہ برسوں کے لیے ایک محفوظ اور صحت مند نیویارک کو یقینی بنا رہے ہیں"۔

**رکنِ اسمبلی Deborah J. Glick نے کہا،** "نرسیں نگہداشتِ صحت کا سنگِ بنیاد ہیں، اور یہ واضح ہے کہ ہمیں اپنے ہسپتالوں اور طبی دفاتر میں ایسے ہنر مند اور ہمدرد خیال رکھنے والوں کی ضرورت ہے۔ میں ہمارے مستقبل کے لیے نرسیں کے طلباء و طالبات کے اس پہلے گروہ کے ہمارے SUNY اور CUNY سکولوں میں غیر معمولی اور ٹیوشن فری تعلیم حاصل کرنے کے لیے پُرجوش ہوں، اور چونکہ وہ مستقبل میں نیویارک کے لوگوں کی دیکھ بھال کرنے کے لیے تیار ہو رہے ہیں تو میں ان کے لیے کامیابی کی تمنا کرتی ہوں"۔

**ریاست نیویارک کی نرسوں کی ایسوسی ایشن کی صدر Nancy Hagans، آر این، بی ایس این، سی سی آر این نے کہا،** "معیاری نگہداشت کا انحصار اس بات پر ہے کہ بستر کے کنارے مریضوں کی دیکھ بھال کے لیے کافی نرسیں موجود ہوں۔ مزید نرسوں کی ضرورت کو تسلیم کرنے اور نرسنگ کی تعلیم اور ہمارے سرکاری یونیورسٹی کے بہترین نظام میں تاریخی سرمایہ کاری کرنے پر ہم گورنر Hochul کو سراہتے ہیں۔ ہمارے مستقبل کے لیے نرسیں وظائف پروگرام نیویارک کے نگہداشتِ صحت کے مراکز کے عملے کو زیادہ محفوظ طریقے سے مدد دینے کے لیے مزید نرسوں کو راغب کرنے اور تربیت دینے میں ہاتھ بٹائے گا۔ نرسنگ کے شعبے کی افرادی قوت میں سرمایہ کاری کرنا مستقبل میں نیویارک کے تمام شہریوں کو معیاری دیکھ بھال فراہم کرنے کے حل کا ایک جزو ہے"۔

**ریاست نیویارک کی اعلیٰ تعلیمی خدمات کی کارپوریشن کے صدر ڈاکٹر Guillermo Linares نے کہا،** "ہمارے مستقبل کے لیے نرسیں وظائف پروگرام میں کامیاب ہونے والوں کو مبارکباد اور نیویارک کے ضرورت مند مکینوں کو کچھ واپس لوٹانے کا عزم کرنے کے لیے آپ کا شکریہ۔ گزشتہ دو برسوں سے نرسیں COVID-19 کی عالمی وباء کے ہراول دستے میں ہیں، اور ہمیں پہلے سے کہیں زیادہ ہنر مند اور باصلاحیت نرسوں کی وسیع فراہمی کی ضرورت ہے۔ نرسوں یا نگہداشتِ صحت کے پیشے میں دلچسپی رکھنے والوں کو اپنے مواقع کو وسیع کرنے اور اپنی تعلیم، بغیر ٹیوشن فیس ادا کیے، نیویارک کے عالمی معیار کے اداروں میں سے ایک ادارے سے حاصل کرنے کا موقع ملنے کی تحریک دے کر نرسوں کی قلت کے مسئلے پر توجہ دینے کے لیے اس پروگرام کے اطلاق کے لیے میں گورنر Hochul کا شکر گزار ہوں"۔

**SUNY کی عبوری چانسلر Deborah F. Stanley نے کہا،** "SUNY کیمپس ریاست نیویارک اور اس سے آگے تک نگہداشتِ صحت کے مزید ہیروز کی شدید ضرورت کو پورا کرنے کے لیے مواقع کو وسیع کر رہے ہیں۔ ریاست بھر میں ہمارے 70 سے زیادہ نرسنگ پروگرام لچک، اعلٰی درجے کی تربیتی بھروپی لیبارٹریاں، رہنمائی، اور طب میں فائدہ مند پیشہ ورانہ زندگی کی طرف ایک کھلے دروازے کی پیشکش کرتے ہیں۔ ہم گورنر Hochul کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے آج ایوارڈ حاصل کرنے والوں کے لیے اپنے خوابوں کی تعبیر پانے اور ہماری ریاست میں بیماروں کی دیکھ بھال کرنے والوں اور زندگی بچانے والوں کی اگلی نسل بننے کے لیے راہ ہموار کی"۔

**CUNY کے چانسلر Félix V. Matos Rodríguez نے کہا،** "ہم ہمارے مستقبل کے لیے نرسیں وظائف میں کامیاب ہونے والوں کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، جن میں سے بہت سے اس موسم خزاں میں CUNY میں ایسوسی ایٹ یا بیچلر کی ڈگری حاصل کرنے کے لیے ہمارے ساتھ شامل ہوں گے۔ ہمارے 50 سے زائد انڈرگریجویٹ، گریجویٹ اور CUNY 14 کیمپسز پر نرسنگ میں سند کے پروگرام نیویارک کے لوگوں کی دیکھ بھال کرنے والے طبی پیشہ ور افراد کو فخر سے تعلیم دیتے ہیں۔ CUNY سے فارغ التحصیل ہونے والے اور موجودہ ہزاروں طلباء و طالبات نے نیویارک کی COVID کی جنگ کے ہراول دستے میں خدمات انجام دی ہیں، اور ہم ریاست کی بڑی ضرورت کو پورا کرنے میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہیں۔ ہم گورنر Hochul کے ایسے راستے فراہم کرنے کے عزم کے لیے شکر گزار ہیں جوCUNY سے گزر کر نرسنگ اور دیگر ایسے شعبوں تک جاتے ہیں جو ہماری ریاست کی فلاح و بہبود کے لیے ناگزیر ہیں"۔

ہمارے مستقبل کی نرسیں وظیفہ خاکے کا حصہ بننے کے لیے، شرکاء نے آن لائن داخلہ مکمل کیا۔ یہ وظائف ریاست نیویارک کی لائسنس یافتہ نرسوں کو BSN حاصل کرنے کے لیے، ریاست نیویارک کے نئے نئے ADN حاصل کرنے کے خواہش مند مکینوں کے لیے، اور ریاست سے باہر کی لائسنس یافتہ نرسوں کو دیے گئے تھے جو BSN حاصل کرنے کے لیے ریاست نیویارک میں منتقل ہو کر پریکٹس کریں گی۔

ایوارڈ حاصل کرنے والے طالب علم اپنے پروگراموں کو یا تو جزوقتی یا کُل وقتی، ایک لچکدار ترتیبِ کار کے ساتھ مکمل کر سکیں گے۔ وظائف میں چار کُل وقتی سمسٹروں کے لیے سرکاری کالج یا یونیورسٹی کی طرف سے وصول کی جانے والی اصل ٹیوشن شامل ہو گی۔ کُل وقتی سے کم کے لیے شرکت کرنے والے وصول کنندگان کے لیے ایوارڈز کی درجہ بندی کی جائے گی۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418